# اخبارالوفاق

محمد سیف اللہ نوید
معاون ناظم مرکزی دفتر وفاق

**احمد پور شرقیہ کے دلخراش سانحہ پر اظہار افسوس:**

☆...... 29 رمضان المبارک 1438ھ مطابق 25 جون 2017ء کو جنوبی پنجاب کے ضلع بہاولپور کے ایک گاؤں احمد پور شرقیہ میں ایک دلخراش سانحہ پیش آیا، جس میں ہزاروں لیٹر پٹرول سے بھرا ہوا آئل ٹینکر الٹنے کے بعد لوگ ٹینکر سے بہتے ہوئے تیل کو جمع کر رہے تھے کہ کچھ وقت بعد تیل میں آگ بھڑک اٹھی، اس سانحہ میں سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور سینکڑوں لوگ زخمی ہوئے۔

اس المناک سانحہ پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائم صدر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ، نائب صدر وفاق حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا اور مرحومین کے لئے دعائے مغفرت فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی انتظامیہ نے روایتی بے حسی اور غفلت کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے یہ دردناک واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے اس موقع پر مقامی علماء، طلبہ اور عوام الناس سے امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لینے کی اپیل کی۔

**مدارس کو بدنام کرنے اور دینی اداروں پر ناجائز پابندیوں کا سلسلہ بند کیا جائے:**

☆...... ناظم اعلیٰ وفاق المدارس حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے یکم جولائی 2017ء بروز ہفتہ مالاکنڈ ڈویژن کے مدارس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہیں سوات اور مالاکنڈ ڈویژن کے مدارس کے مسائل کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔

انہوں نے سوات پریس کلب میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا، جس میں ان کے ہمراہ وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کے رکن حضرت مولانا قاری محب اللہ صاحب زید مجدہم، مسئول وفاق حضرت مولانا صدیق احمد صاحب زید مجدہم اور دیگر مقامی علماء کرام بھی تھے۔

ناظم اعلیٰ وفاق نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ دینی مدارس کے خلاف حکومت کا امتیازی سلوک اور دینی تعلیم کے راستے میں مختلف طریقوں سے رکاوٹیں ڈالنا بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ دینی مدارس ملک کی نظریاتی سرحدوں کے محافظ ہیں۔ مدارس کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ اور اور معاندانہ رویہ دراصل عالمی ایجنڈے کا شاخسانہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مدارس کو بدنام کرنے اور دینی اداروں پر ناجائز پابندیوں کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے۔

**موجودہ نظام کی تمام خرابیوں کا حل نفاذ اسلام میں ہے:**

☆...... ملتان (12-07-2017) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ و جامعہ خیر المدارس ملتان کے شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے فرمایا کہ ارباب اقتدار نے مدارس پر دہشت گردی کا جھوٹا الزام لگا کر اہل مدارس کو بلاوجہ تنگ کرنے کا شرمناک سلسلہ شروع کر رکھا ہے، آج وہ خود اس کے مکافات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ نظام کی تمام خرابیوں کا ایک ہی حل ہے کہ اسلامی نظام نافذ کیا جائے۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے 10 جولائی 2017ء کو جامعہ خیر المدارس ملتان میں 91 ویں نئے تعلیمی سال کے افتتاح کے موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بخاری شریف کی پہلی حدیث کا درس دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قرآن وسنت کے علوم دنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہیں۔

**ناظم اعلیٰ وفاق کی مرکزی دفتر وفاق تشریف آوری:**

☆...... ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ 12 جولائی 2017ء اور 18 جولائی 2017ء کو مرکزی دفتر وفاق المدارس تشریف لائے، جہاں انہوں نے دفتری ریکارڈ کو ملاحظہ فرما کر اطمینان کا اظہار فرمایا۔ اس دوران ناظم دفتر وفاق مولانا عبدالمجید زید مجدہم اور محاسب دفتر وفاق جناب چوہدری محمد ریاض عابد زید مجدہ کے ساتھ دفتری امور پر تبادلہ خیال ہوا اور انہیں ہدایات دیں۔ انہوں نے وفاق المدارس کے نگران شعبہ نشر و اشاعت حضرت مولانا ابن الحسن عباسی صاحب زید مجدہم سے شعبہ نشر و اشاعت کے امور سے متعلق مشاورت بھی فرمائی۔

**اساتذہ کرام و دیگر علمی اسباب کا احترام لازم:**

☆...... 18 شوال المکرم 1438ھ مطابق 13 جولائی 2017ء کو جامعۃ العلوم الاسلامیہ کراچی میں نئے تعلیمی سال کی افتتاحی تقریب ہوئی، جس سے جامعۃ العلوم الاسلامیہ کے مہتمم و شیخ الحدیث اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے قائم مقام صدر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے خطاب کیا۔

انہوں نے طلبہ سے فرمایا کہ اپنے اساتذہ کرام، جامعہ کے دیگر عملہ، خدام کا ادب واحترام آپ پر لازم ہے۔ ایسے اسباب وذرائع جن سے علم کے حصول میں معاونت ملتی ہو، جیسے کتب، قلم، تپائیاں وغیرہ ان چیزوں کا بھی ادب واحترام کرنا چاہیئے۔ انہوں نے فرمایا کہ طلبہ پر اپنے تعلیمی ادارے کے قواعد وضوابط کی مکمل پاسداری لازم ہے اوراسی طرح جامعہ کی اشیاء کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے کہ انہی اصولوں پر عملدرآمد سے ادارے کے نظم میں بلندی اور طلبہ کی شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے۔

**لاہور کے مدارس میں نئے تعلیمی سال کی افتتاحی تقریبات سے ناظم اعلیٰ وفاق کا خطاب:**

☆...... 17 جولائی 2017ء کو ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے جامعہ عمر بن خطاب لاہور اور جامعہ فتحیہ لاہور میں نئے تعلیمی سال کے آغاز صحیح بخاری شریف کی پہلی حدیث مبارکہ کا درس دیا۔

انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا فضل وکرم ہے کہ اللہ نے آپ لوگوں کو دین کی تعلیم کے لئے منتخب کیا ہے، آپ لوگ دور دراز سے اپنا گھر بار چھوڑ کر صرف دین کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے مدارس میں آتے ہیں۔ دوران تعلیم دیگر تمام سرگرمیوں سے اجتناب کریں اوراپنی پوری توجہ تعلیم پر مرکوز رکھیں۔ انہوں نے منتظمین کو مخاطب کر کے فرمایا کہ طلبہ ہمارے اداروں میں قوم کی امانت ہیں۔ ہمارے اداروں کو طلبہ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت پر بھی خصوصی توجہ دینی چاہیئے تا کہ ہم معاشرے کو ممتاز علماء کرام اور بہترین رجال کار مہیا کرسکیں۔

**حضرت مولانا پیر سیف اللہ خالد رحمانیؒ کے انتقال پر اظہار تعزیت:**

☆...... جامعۃ المنظور الاسلامیہ لاہور کے مہتمم حضرت مولانا پیر خالد سیف اللہ رحمانیؒ کا 18 رمضان المبارک کو بقضائے الٰہی انتقال ہوگیا تھا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ تعزیت کے لئے جامعۃ المنظور الاسلامیہ لاہور تشریف لے گئے، جہاں انہوں نے حضرت مولانا پیر خالد سیف اللہ رحمہ اللہ کے لواحقین اوراہل جامعہ سے تعزیت کی اور دعائے مغفرت فرمائی۔

اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حضرتؒ کی گرانقدر دینی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

☆☆☆

# ہدایات برائے مدارس

☆ نئے مدارس کا الحاق شوال المکرم سے 30 ربیع الاول تک ہوگا، اس کے بعد جدید الحاق نہیں کیا جائے گا۔تجدید الحاق، ترقی الحاق و بحالی الحاق پورا سال جاری رہے گی۔

☆ جس درجے کے طلبہ وطالبات نے ''وفاق'' کے امتحان میں شرکت کرنی ہو اس درجے کا الحاق ہونا ضروری ہے۔اگر تحتانی درجے کا الحاق ہے اور امسال فوقانی درجے کی تعلیم شروع کی ہے تو ترقی الحاق کروالیں۔ترقی الحاق اور تجدید الحاق فارم کے ساتھ سابقہ سند الحاق جمع کرانا لازم ہے۔

☆ جن طلبہ نے 1438ھ میں درجہ اولیٰ پڑھا ہے اور 1439ھ میں ثانویہ عامہ کا امتحان دینا ہے لیکن انہوں نے اپنی رجسٹریشن نہیں کروائی، وہ اپنی رجسٹریشن ذوالحجہ 1438ھ میں کروالیں، اس کے بعد ان کی رجسٹریشن نہیں کی جائے گی۔

☆ 1439ھ میں درجہ عالمیہ سال دوم بنات کا امتحان وفاق کے تحت نئے نصاب کے مطابق ہوگا۔

☆ وفاق کے ابتدائی درجات (حفظ، متوسطہ رجسٹریشن فارم) کے فارم کے ساتھ درج ذیل میں سے کسی ایک کی نقل لف کریں۔ شناختی کارڈ، فارم ب، برتھ سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، میٹرک۔ 18 سال سے زائد عمر کے طلبہ کا شناختی کارڈ اگر نہ بنا ہو تو 6 ماہ کے اندر شناختی کارڈ بنوالیا جائے۔

☆ آن لائن تعلیم معتبر نہ ہوگی۔اگر آن لائن تعلیم حاصل کرنے والے کسی طالب علم نے امتحان میں شرکت کی تو نتیجہ کالعدم قرار دیا جائے گا۔

☆ ,,وفاق،، سے ملحق کسی بھی جامعہ یا مدرسہ کی کوئی بھی شاخ اس وقت معتبر ہوگی۔جب اس شاخ پر متعلقہ جامعہ یا مدرسہ کا مکمل کنٹرول ہو۔اساتذہ وعملہ کا عزل ونصب کا کلی اختیار متعلقہ جامعہ یا مدرسہ کو حاصل ہو۔مدارس اپنی شاخوں کا اندراج ضلعی مسئول کی سفارش سے دفتر وفاق میں قبل از امتحان کروائیں۔ بصورتِ دیگر داخلہ پرائیویٹ قرار دیا جائے گا اور بعدِ امتحان ''شاخ'' کا دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔

☆ دورانِ سال اگر کسی طالب علم کا اخراج ہوتا ہے تو دوسرا مدرسہ پہلے مدرسہ کی تصدیق کے بغیر داخلہ نہ دے اور اس تصدیق کے بغیر ''وفاق'' کا داخلہ نہ بھجوایا جائے۔ خلاف ورزی پر طالب علم کا رول نمبر روک دیا جائے گا۔